B.Ed (Social Studies)/E.T/ 2022

دستخط نگران کار

Booklet Serial No.

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## بی۔ایڈ ریگولر انٹرنس ٹسٹ (سماجی علوم) 2022

## B.Ed. Regular Entrance Test (Social Studies) 2022

### Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

نوٹ: یہ کتابچہ دو حصوں حصہ ٔاول' (i) عام معلومات(General Knowledge)' (ii)عام اردو(General Urdu) ' (iii) عام انگریزی(General English) ' تدریسی رجحان(Teaching Aptitude) اور(v) ذہنی صلاحیت(Mental Ability) اور 'حصہ دوم' سماجی علوم (Social Studies) پر مشتمل ہے۔

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 16 صفحات پر مشتمل ہے۔آخر کا ایک صفحہ Rough Work کے لیے ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

# حصہ اول (Part - 1)

## (i) عام معلومات (General Knowledge)

1. 1913 میں ادب کا نوبل انعام دیا گیا تھا؟

(A) دیبیندرناتھ ٹیگور (B) رابندرناتھ ٹیگور
(C) محمد اقبال (D) مولانا آزاد

2. مشہور زمانہ مہم جوء 'مارکو پولو' کا تعلق کس ملک سے تھا؟

(A) برطانیہ (B) فرانس
(C) جرمنی (D) اٹلی

3. دنیا میں سب سے زیادہ کپاس پیدا کرنے والا ملک کون سا ہے؟

(A) ہندوستان (B) پاکستان
(C) چین (D) امریکہ

4. ہندوستان کا آئینی سربراہ کون ہوتا ہے؟

(A) وزیراعظم (B) صدر
(C) لوک سبھا کے اسپیکر (D) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس

5. وہ سائنس جس میں مختلف جانداروں کے ان کے ماحول کے ساتھ تعلق کا مطالعہ کیا جاتا ہے اسے کہا جاتا ہے:

(A) بشریات (Anthropology) (B) معاشیات (Economics)
(C) ماحولیات (Ecology) (D) ارضیات (Geology)

6. الیکٹرانک میڈیا کے ذریعہ کی جانے والی لائبریریوں کے نیٹ ورکنگ کو کہا جاتا ہے:

(A) انٹرنیٹ (Internet) (B) ایچ ٹی ایم ایل (HTML)
(C) انفلیبنیٹ (Inflibnet) (D) لیبنفنیٹ (Libinfnet)

7. سمندری پانی کی اوسط نمکیات (salinity) ہوتی ہے:

(A) 3% (B) 3.5%
(C) 2.5% (D) 2%

8. گہرے سمندر کے غوطہ خوروں کے ذریعے سانس لینے کے لیے استعمال ہونے والی انرٹ گیس جو ہوا میں نائٹروجن کا متبادل ہے:

(A) آرگن     (B) زینون

(C) ہیلیم     (D) کرپٹن

9. یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کا قیام کس سال میں ہوا؟

(A) 1950     (B) 1951

(C) 1952     (D) 1953

10. آزاد ہندوستان میں پہلا ہندوستانی کون تھا جس نے انفرادی اولمپک مقابلے میں تمغہ جیتا؟

(A) دھیان چند     (B) کے ڈی جادھو

(C) پرتھیپال سنگھ     (D) ہریش چندر بیراجدار

## (ii) عام اردو (General Urdu)

11. رسالہ کا جمع ہے:

(A) رسالے     (B) رسائل

(C) ارسال     (D) رسالات

12. داستان کی خصوصیات میں سب سے زیادہ اہمیت کس خاصیت کی ہوتی ہیں:

(A) مختصر ہو     (B) نتیجہ خیز ہو

(C) مزاحیہ ہو     (D) طویل ہو

13. لفظ بہار کا متضاد کیا ہے:

(A) گرمی     (B) خزاں

(C) سردی     (D) سرسبز

14. لفظ خواجہ کا مونث بتائیں:

(A) خواجنی     (B) خواجی

(C) خاتون     (D) محترمہ

15. استعارہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(A) نقد (B) اشارہ

(C) ادھار (D) قریب

16. صفت ایہام سے مراد ہے:

(A) خوش ہونا (B) غرور کرنا

(C) حملہ کرنا (D) وہم میں پڑنا

17. وہ کلام جس میں ایک لفظ مثبت اور دوسرا منفی ہوتو اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) صفت استعارہ (B) صفت تضاد

(C) صفت ایہام (D) صفت مراۃ النظیر

18. ایسی تحریر یا شعر جس میں مشبہ بہ ایک ساتھ آئیں اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) تشبیہ ملفوف (B) تشبیہ ناصرہ

(C) تشبیہ شاملہ (D) تشبیہ جمع

19. لفظ گل کا مترادف بتائیں۔

(A) کلیاں (B) پھول

(C) گلاب (D) گلشن

20. 'جدید شاعری کا امام' یہ خطاب کس کو دیا گیا؟

(A) بشریٰ رحمٰن (B) مولانا حسرت موہانی

(C) خواجہ میر درد (D) مولانا الطاف حسین حالی

## (iii) عام انگریزی (General English)

21. The passive voice of the sentence 'Please write my name beneath all' is:

(A) Please let my name be written beneath all

(B) Please my name be written beneath all

(C) All please been written my name beneath

(D) All please been written my name beneath

22. 'We shall start ….. five in the morning,' the fill the blank will be:

(A) in (B) at

(C) on (D) into

23. 'Either he or I …. mistaken,' the appropriate verb is:

(A) is (B) am

(C) are (D) has

24. The antonym of 'mettle' is:

(A) courage (B) disobedience

(C) timidity (D) obedience

25. The past participle of the verb 'dig' is:

(A) dig (B) diggen

(C) dug (D) duggen

26. I cannot ……. to your interest. The correct to fill in the blank is:

(A) except (B) accept

(C) exceed (D) accede

27. One word substitute for 'One who possesses many talents':

(A) Exceptional (B) Wisdom

(C) Nubile (D) Versatile

28. Love of nature is called:

(A) Green tiger (B) Green panther

(C) Autophile (D) Dendrophile

29. A period of ten years is called:

(A) Decade (B) Century

(C) Millennium (D) Fortnight

30. 'Bolt from the blue,' means

(A) Thundering (B) Lighting

(C) Complete surprise (D) Easy going

## (iv) تدریسی رجحان (Teaching Aptitude)

31. طلبہ میں توہم پرستی دور کرنے کے لئے:

(A) سائنس کی تعلیم دیں گے (B) سائنسی نظریہ پیدا کریں گے

(C) اچھے ادب کا مطالعہ کروائیں گے (D) سب کو خواندہ بنائیں گے

32. کمرہ جماعت کے طلبا کو قابو کرنے کا سب سے بہتر طریقہ ہے:

(A) جمہوری طرز سائی پر عمل (B) طلبہ کو مشغول کرکے

(C) اسکول کے اصولوں کی پابندی (D) خامیوں کا ازالہ کرکے

33. امتحان میں بڑے پیمانے پر نقل کی خاص وجہ:

(A) نگراں کے ذریعے طلبہ کو نظرانداز کرنا (B) زیادہ مارکس کے لئے طلبہ پر غیر ضروری دباو

(C) معروضی سوالات (D) اسکولوں میں غیر حاضری

34. طالب علم کی شخصیت کی نشو ونما سب سے زیادہ متاثر ہوتی ہے:

(A) انسٹی ٹیوٹ میں نظم وضبط سے (B) گھر میں جذباتی ماحول سے

(C) وراثت میں ملنے والے اثاثے اور واجبات سے (D) ساتھیوں اور بزرگوں کی سماجی واقفیت سے

35. آپ طلباء میں تعاون اور ٹیم جذبہ پیدا کرنا چاہتے ہیں تو آپ کونسی سرگرمیاں تجویز کریں گے؟

(A) آرٹ (Art) (B) کوئز (Quiz)

(C) بحث (Debate) (D) پروجیکٹ کا کام (Project work)

36. طلباء کے سیکھنے کے طریقوں کے بارے میں مندرجہ ذیل میں سے کون سا صحیح ہے؟

(A) ہر بچے کا سیکھنے کا ایک منفرد انداز ہوتا ہے۔ (B) سیکھنے کی رفتار تمام طلباء کے لیے یکساں ہے۔

(C) بچے دوسرے طلباء کے سیکھنے کے طریقے کی پیروی کرتے ہیں۔ (D) تمام بچے فوراً استاد کی ہدایات پر عمل کرتے ہیں۔

37. ایک موثر کلاس روم ماحول کے لئے ضروری ہے:

(A) سخت نظم وضبط
(B) پن ڈراپ خاموشی
(C) مختلف قسم کی تدریسی امدادی اشیاء
(D) طالب علم اور استاد کے درمیان پر جوش تعامل

38. مندرجہ ذیل میں سے کن طریقوں سے طلباء کا صحیح تعین قدر ممکن ہے؟

(A) تشکیلی تعین قدر
(B) مسلسل تعین قدر
(C) ایک سال میں دوبار تعین قدر
(D) کورس کے اختتام پر تعین قدر

39. مندرجہ ذیل میں سے کس کو معیاری و موثر تعلیم کی علامت سمجھا جاتا ہے؟

(A) طلباء نوٹس لے رہے ہیں
(B) طلباء سوال پوچھ رہے ہیں
(C) کلاس روم میں پن ڈراپ سائلنس
(D) طلباء کی زیادہ سے زیادہ حاضری

40. دوسرے پیشے پر تدریس کو ترجیح کیوں دی جائے؟

(A) تدریس سے محبت کے لیے
(B) نوجوانوں سے محبت کے لیے
(C) انسانیت کی خدمت کے لیے
(D) تدریس کے موضوع پر مہارت حاصل کرنے کے لیے

## (Mental Ability) ذہنی صلاحیت (v)

41. دی گئی سیریز کو مکمل کرنیوالے نمبر کو منتخب کریں: 0, 7, 26, 63,124, 215, 342, 511, 728, ?

(A) 999
(B) 990
(C) 1001
(D) 1000

42. اگر leader کو 4 اور party کو 3 کے طور پر کوڈ کیا گیا ہے، تو government کو بطور کوڈ کیا جائے گا:

(A) 9
(B) 8
(C) 7
(D) 1

43. اس بیان کو درست سمجھیں: ہر لائبریری میں کتابیں ہوتی ہیں۔ مندرجہ ذیل بیانات میں سے کون سا یقینی طور پر درست ہے؟

(A) کتابیں صرف لائبریریوں میں ہیں
(B) کوئی بھی لائبریری کتابوں کے بغیر نہیں ہے
(C) کچھ لائبریریوں میں پڑھنے والے نہیں ہیں
(D) لائبریریاں صرف کتابوں کے لیے ہیں

44. اگر جنوب-مشرق، شمال بن جاتا ہے، شمال-مشرق، مغرب بن جاتا ہے اور بقیہ سمت بھی اسی طرح بدل جایئں تو مغرب کیا بنے گا؟

(A) شمال-مشرق (B) شمال-مغرب

(C) جنوب-مشرق (D) جنوب-مغرب

45. اگر یکم جنوری 2006 کو اتوار کا دن تھا تو یکم جنوری 2010 کو کون سا دن ہوگا؟

(A) پیر (Monday) (B) جمعہ (Friday)

(C) اتوار (Sunday) (D) منگل (Tuesday)

46. ایک شخص شمال کی طرف 20 میٹر چلا، پھر وہ دائیں مڑا اور 30 میٹر چلتا ہے۔ پھر وہ دائیں مڑتا ہے اور 35 میٹر چلتا ہے۔ پھر وہ بائیں مڑتا ہے اور 15 میٹر چلتا ہے۔ آخر میں وہ بائیں مڑتا ہے اور 15 میٹر چلتا ہے۔ وہ ابتدائی پوزیشن سے کس سمت اور کتنے میٹر کے فاصلے پر ہے؟

(A) 15 میٹر مغرب (B) 30 میٹر مشرق

(C) 30 میٹر مغرب (D) 45 میٹر مشرق

47. مندرجہ ذیل مساوات کو درست کرنے کے لیے کن دو علامات کا تبادلہ ہونا چاہیے: 419=25×25–20+20÷20

(A) + اور ÷ (B) ÷ اور ×

(C) × اور – (D) + اور –

48. 1 سے 100 تک کی گنتی میں عدد 3 کتنی مرتبہ آئے گا؟

(A) 17 (B) 18

(C) 19 (D) 20

49. B،A کا بھائی ہے۔ C، A کی ماں ہے۔ D ، B کی پوتی ہے اور F، A کا بیٹا ہے۔ F کا D سے کیا رشتہ ہے؟

(A) پوتا (B) بھتیجا

(C) چچا (D) پرپوتا

50. اگر 5–5=24 اور 7–7=48 تو 10–10=؟

(A) 80 (B) 99

(C) 91 (D) 56

## حصہ دوم (Part -2 )

## سماجی علوم (Social Studies)

51. مشہور سانچی سٹوپا (Sanchi Stupa) کس نے تعمیر کیا؟

(A) گوتم بدھ (B) وکراما دتیا

(C) اشوکا (D) ہرشا

52. گندھارا فن سنگ تراشی کس سے متاثر ہوئی؟

(A) Greek and Chinese (B) Unani and Roman

(C) Persian and Greek (D) Chinese and Persian

53. درج ذیل کے سلطانوں میں سے کس سلطان کو مورخین "اضداد کا مجموعہ" (Mixture of Opposites) قرار دیتے ہیں؟

(A) محمد بن تغلق (B) فیروز شاہ تغلق

(C) علاءالدین خلجی (D) قطب الدین ایبک

54. سنگم کلاسک کس زبان میں لکھا گیا ہے؟

(A) تیلگو (B) کنڑ

(C) ملیالم (D) تمل

55. گولکنڈا قلعہ کس مغل بادشاہ نے فتح کیا تھا؟

(A) ہمایوں (B) شاہ جہاں

(C) اکبر (D) اورنگ زیب

56. ہندوستان چھوڑو تحریک کی وجہ:

(A) پونہ معاہدہ کی ناکامی (B) اعتدال پسندوں کا دباؤ

(C) کرپس مشن (Cripps Mission) کی ناکامی (D) انتہا پسندوں کا دباؤ

57. سکھوں کا وہ گروہ جس نے مغلوں کے ساتھ لڑائی لڑی۔

(A) گرو ارجن سنگھ (B) گرو ہرگوبند سنگھ

(C) گرو نانک (D) گرو تیغ بہادر

58. جدید 'مصر' کا معمار کسے کہتے ہیں؟

(A) جمال عبدالناصر
(B) انور سادات
(C) حسنی مبارک
(D) محمد مرسی

59. بھودان تحریک کے بانی تھے۔

(A) گاندھی جی
(B) ونوبا بھاوے
(C) لال بہادر شاستری
(D) اندرا گاندھی

60. ینگ بنگال تحریک (Young Bengal Movement) شروع کی گئی۔

(A) دیبندر ناتھ ٹیگور
(B) دیریجیو (Derozio)
(C) کیشو چندر سین
(D) اے کے مترا

61. دکن ایجوکیشنل سوسائٹی (Deccan Educational Society) کے بانی ہیں۔

(A) مہادیو گوبند راناڈے
(B) دادا بھائی نوروجی
(C) سی۔آر۔داس
(D) ویویکانند

62. سرد جنگ (Cold War) کے متعلق ان میں سے کون سا بیان غلط ہے؟

(A) یہ امریکہ اور روس اور ان کے حلیفوں کے درمیان ایک مقابلہ تھا
(B) یہ دو عظیم طاقتوں کے درمیان ایک نظریاتی جنگ تھی
(C) اس نے اسلحہ کی دوڑ شروع کی
(D) امریکہ اور روس براہ راست جنگ میں ملوں ہو گئے

63. 'Tiger State' کے نام سے جانا جاتا ہے۔

(A) راجستھان
(B) آسام
(C) مدھیہ پردیش
(D) جموں کشمیر

64. سبز امن (Green Peace) تحریک کا صدر مقام ہے۔

(A) ایمسٹرڈم
(B) جینوا
(C) کوپن ہیگن
(D) پیرس

65. مندرجہ ذیل جوڑ صحیح نہیں ہے۔

(A) Glass Indutry - Ferozabad
(B) Crackers Industry - Sivakasi
(C) Silk Indutry - Karnataka
(D) Cement Industry - Patiala

66. Kundankulam برقی پراجیکٹ کس ریاست میں واقع ہے؟

(A) کیرالا (B) کرناٹک

(C) تمل ناڈو (D) آندھراپردیش

67. خط سرطان کے جنوب میں کس قسم کی آب وہوا ہے؟

(A) Cool (B) Frigid

(C) Tropical (D) Temperate

68. گوا (Goa) کب ایک الگ ریاست بنا۔

(A) 30 مئی 1987 ء (B) 24 اکٹوبر 1988ء

(C) 15 جنوری 1980ء (D) 5 مئی 1985

69. ہندوستانی حکومت نے سبز انقلاب (Green Revolution) کے لیے ذیل میں سے کس صوبہ کا انتخاب کیا تھا؟

(A) ہماچل پردیش (B) آندھراپردیش

(C) مہاراشٹرا (D) پنجاب

70. مندرجہ ذیل میں سے کون سی نقد فصل (Cash Crop) نہیں ہے؟

(A) چائے (B) کافی

(C) کپاس (D) باجرا

71. ریاست بہار میں سرکاری طور پر شراب پر نشہ بندی نافذ کی گئی۔

(A) 2012 (B) 2014

(C) 2016 (D) 2018

72. AFSPA سے مراد ہے۔

(A) American Foriegn Service Protective Association

(B) Armed Forces Special Powers Act

(C) Air Force Secruity Police Association

(D) Air Force Secruity Policy Agency

73. وزیراعلیٰ کے عہدے پر طویل عرصہ تک فائز رہنے والی شخصیت:

(A) نریندر مودی
(B) جیوتی باسو
(C) نوین پٹنائک
(D) پون کمار چاملنگ

74. پنچ شیل (Panchsheel) معاہدہ پر چین کی طرف سے دستخط کیا۔

(A) Hu-Jintao
(B) Chouo En Lai
(C) Wen Jiabo
(D) Li Keql ang

75. دوسری جنگ عظیم کے اختتام کے وقت امریکہ کے صدر تھے۔

(A) Woodrow Wilson
(B) Harry S. Truman
(C) Ronald Reegan
(D) Eisenhower

76. موجودہ الیکشن کمشنر آف انڈیا ہیں۔

(A) راجیو کمار
(B) ششل چندرا
(C) سنیل اروڑا
(D) اوپی راوت

77. دہلی کے وزیراعلیٰ کی تقرری کی جاتی ہے۔

(A) دہلی کے لفٹینٹ گورنر کے ذریعہ
(B) صدر جمہوریہ ہند کے ذریعہ
(C) نائب صدر جمہوریہ ہند کے ذریعہ
(D) لوک سبھا کے اسپیکر کے ذریعہ

78. بھوپال گیس کا المیہ ہوا۔

(A) 1981
(B) 1982
(C) 1983
(D) 1984

79. عالمی تجارتی تنظیم (WTO) ان میں سے کس تنظیم کی جانشین کی حیثیت سے کام کر رہی ہے؟

(A) GATT
(B) UNDP
(C) WHO
(D) UNICEF

80. Dalal Street کس شہر میں واقع ہے؟

(A) لندن
(B) پیرس
(C) نئی دہلی
(D) ممبئی

81. Zionist تحریک اس وجہ سے شروع ہوئی تھی۔

(A) یہودیوں میں اتحاد (B) عیسائیوں میں اتحاد

(C) پارسیوں میں اتحاد (D) بودھوں میں اتحاد

82. مرکزی کابینہ کے ذریعہ موجودہ NITI Ayog کا قیام کس سال عمل میں آیا؟

(A) 2014 (B) 2015

(C) 2019 (D) 2020

83. ہندوستان میں قومی آمدنی حساب لگاتے ہیں۔

(A) Finance Commission (B) National Development Council

(C) Central Statistical Organisation (D) Indian Statistical Institute

84. Reserve Bank of India نے کس کاغذ کے نوٹ (Paper Currency) کو سب سے پہلے جاری کیا؟

(A) 10 Rupee Note (B) 5 Rupee Note

(C) 100 Rupee Note (D) 500 Rupee Note

85. Budget Making Committee کا صدر ہوتا ہے۔

(A) کامرس منسٹر (Commerce Minister) (B) فینانس منسٹر (Finance Minister)

(C) وزیراعظم (Prime Minister)

(D) نائب چیرمن پلاننگ کمیشن (Deputy Chairman Planning Commission)

86. فی کس آمدنی (Per Capita Income) =

(A) $PCI = \frac{National\ Income}{Population}$ (B) $\frac{National\ Income}{Population} x100$

(C) $\frac{Gross\ Domestic\ Product}{National\ Income}$ (D) $\frac{Gross\ Domestic\ Product}{National\ Income} x100$

87. موجودہ وقت میں NATO کے کتنے اراکین ہیں؟

(A) 15 (B) 20

(C) 25 (D) 30

88. ہندوستان کا معیاری وقت گرین وچ معیاری وقت سے کتنا آگے ہے؟

(A) 5 گھنٹے
(B) $5\frac{1}{2}$
(C) 6 گھنٹے
(D) $6\frac{1}{2}$

89. مشترکہ فہرست (Concurrent List) کے تصور کو کس ملک کے دستور سے لیا گیا ہے؟

(A) امریکہ
(B) کناڈا
(C) فرانس
(D) آسٹریلیا

90. پارلیمنٹ کے ایوان زیریں (لوک سبھا) کے پہلے اسپیکر تھے۔

(A) جی۔وی۔ماؤلنکر
(B) جی۔ایس۔ڈھیلن
(C) ایچ۔این۔کونجرو
(D) بلی رام بھگت

91. اقوام متحدہ کا وہ شعبہ جو نیوکلیائی ٹکنالوجی کی حفاظت اور اس کے پرامن استعمال سے متعلق ہے۔

(A) The U.N Committee for Disarmament
(B) International Atomic Energy Agency
(C) U.N. International Safeguard Committee
(D) ان میں سے کوئی نہیں

92. ہندوستان کی اس ریاست میں سب سے پہلے سورج طلوع ہوتا ہے۔

(A) گجرات
(B) کیرالا
(C) ہماچل پردیش
(D) ارونا چل پردیش

93. سری لنکا کی سب سے پہلی خاتون صدر تھیں۔

(A) Sirimavo Bandaranaike
(B) Chandrika Kumaratunga
(C) Adline Molamure
(D) ان میں سے کوئی نہیں

94. مہابھارت کا فارسی ترجمہ سب سے پہلے کس بادشاہ نے کروایا؟

(A) محمد بن تغلق
(B) فیروز شاہ تغلق
(C) اکبر
(D) شاہجہاں

95. دریائے تاپتی کس سمت بہتا ہے؟

(A) مغربی
(B) مشرقی سمت
(C) جنوبی سمت
(D) شمالی

96. ذیل میں کونTertiary Activity کےتحت آ تا ہے۔

(A) Farming
(B) Manufacturing
(C) Diaring
(D) Trading

97. شہری علاقوں میں خط غربت کے نیچے (BPL) کے خاندانوں کی شناخت کے لیے بنائی گئی کمیٹی تھی۔

(A) Hashim Committee
(B) Tendulkar Committee
(C) Saxena Committee
(D) Lakdawala Committee

98. ''دنیا کے مزدور ایک ہو جاؤ'' نعرہ کا تعلق ہے۔

(A) French Revolution
(B) Russain Revolution
(C) American Revolution
(D) Japanese Revolution

99. Gudi Padwa تہوار ہندوستان میں کس ریاست میں منایا جاتا ہے؟

(A) آندھرا پردیش
(B) تلنگانہ
(C) آسام
(D) مہاراشٹرا

100. تلنگانہ ریاست ذیل میں دیے گئے ریاستوں کے گروپ میں سے کس گروپ سے گھرا ہے۔

(1) مہاراشٹرا (2) کرناٹک (3) آندھرا پردیش (4) چھتیس گڑھ

(A) 1 & 2
(B) 1, 2 & 3
(C) 1, 3, & 4
(D) 1, 2, 3 & 4

☆☆☆